## سوال

(520)اللہ تعالیٰ کے اسماء کے ذکر کے بعد سجدہ کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا اللہ کے اسماء کے ذکر یا ان میں سے کسی ایک اسم کے ایک معین اور مخصوص تعداد میں زکر کرکے بعد سجدہ کرنا جائز ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہمیں کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی ایسی دلیل معلوم نہیں جو اس سجدہ کی مشروعیت پر دلالت کرتی ہو اور نہ ہمارے پاس کوئی ایسی دلیل ہے جس سے معلوم ہو کہ حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ عنہم اجمعین میں سے کسی نے ایسا کیا ہو ہاں البتہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان آپ سے ثابت ہے کہ :

«من عمل عملا لیس علیہ امرنا فھو رد»

( صحیح مسلم کتاب الاقضیة باب نقض الاحکام الباطلة ۔۔۔ ح :1718۔ و صحیح بخاری کتاب الاعتصام بالکتاب والسنة باب رقم :20)

''جس نے کوئی ایسا عمل کیا جس پر ہمارا امر نہیں ہے تو وہ مردود ہے'' (شیخ ابن باز رحمة اللہ علیہ )

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## فتاویٰ اسلامیہ : جلد1

## صفحہ نمبر 429

## محدث فتویٰ